© rasailojaraid.com



بندش، نظربندی اور بالآخر جبری بے دخلی اور ہجرت ---

محمد الیاس انصاری نے نہایت محنت اور کاوش سے اس افسوس ناک داستان کا تاریخ وار منظرنامہ مرتب کیا ہے۔ جس میں مسلمان ممالک، انسانی حقوق کی علمبردار تنظیمیں، قوموں کے لیے حقِ آزادی کی چیمپئن بڑی طاقتیں اور خود اقوامِ متحدہ اپنے کردار کا مشاہدہ کرسکتی ہے --- انصاری صاحب کی محنت قابل داد ہے --- یہ کاوش، اگر بے حسی کی برف کو پگھلا سکے تو ان کی محنت رائیگاں نہیں جائے گی۔ برمی مسلمانوں کے مسئلے کے پیش منظر و پس منظر سے آگاہی کے لیے یہ ایک مفید اور مؤثر کتاب ہے۔

(ر - و - ہ)

---

**وحدتِ اُمّت:** از مولینا محمد اسحاق صاحب خطیب جامع مسجد محمدی کریمیہ، فیصل آباد۔ ناشر: مکتبہ ملیہ، مکان نمبر ۸۱ گلی نمبر ۸، گلگشت کالونی، فیصل آباد۔

اہلِ قبلہ کی تکفیر اور فقہی اختلافات کی بنا پر ملت میں محاذ آرائی کے خلاف ایک مدلّل مقالہ بہ شکل پمفلٹ۔

(ن - ص)

---

ماہنامہ "سیّارہ" لاہور
کا عظیم الشان اقبال نمبر
مدیرِ اعلیٰ: نعیم صدیقی
اقبالیاتی ادب میں ایک یادگار اضافہ ● بے شمار دستاویزات اور نوادر سے مزین ایک تاریخی دستاویز ● بلند پایہ تحقیقی اور فکری مقالات کا خزینہ ● برصغیر پاک و ہند کے نامور اقبال شناس اہلِ قلم اور ثقہ اُدبا و شعرا کی گرانقدر نثری اور شعری نگارشات کا مرقع ● ایک ایسی اشاعتِ خاص جو مدتوں یاد رکھی جائے گی۔
ضخامت تقریباً پانچ سو صفحات
بہترین کتابت و طباعت
چہار رنگ دلکش سرورق
قیمت صرف: -/72 روپے
براہِ راست منگوانے والوں کو بذریعہ رجسٹری ترسیل کی رعایت
ملنے کا پتہ
"سیّارہ" معرفت ایوانِ ادب
اردو بازار، لاہور۔ فون: 321842

© rasailojaraid.com